زندہ موضوع پر عالمانہ، فاضلانہ اور محققانہ انداز میں خامہ فرسائی کی گئی ہو یا وہ رسالہ اہل علم وتحقیق کی نظر میں قدر و قیمت کی حامل ہو اس دور کو اگر رسائل سازی کا دور کہا جائے تو بے معنی نہ ہوگا۔ رسائل سازی کے اس دور میں کوئی رسالہ ایسا نہیں ہے جو نسیم صبح کے خوشگوار جھونکے کی طرح دل و دماغ کو معطر کر سکے۔ عصر حاضر میں امت مسلمہ کو درپیش زندہ اور اہم مسائل کے بنیادی اور اہم اسباب اور عوامل سے عموماً یہ رسائل لاتعلق رہتے ہیں اس کے علاوہ مردہ مسائل، مباحث، معاملات اور موضوعات کو زیر بحث لاتے ہیں اور ان موضوعات میں اپنے آپ کو محدود رکھ کر فروعی مسائل میں الجھتے رہتے ہیں۔ ان رسائل میں مغربی فکر وفلسفہ کے حوالے سے تشنگی محسوس کی جارہی ہے مغربی فکر وفلسفہ کے افہام اور تفہیم اور اس کے رد ونقد کے حوالہ سے کماحقہ کام نہیں ہو رہا ہے، تاہم اس عہد میں چند اہل فکر ونظر ایسے بھی ہیں جنہوں نے مغربی تہذیب وفلسفہ کے افہام وتفہیم کیلئے اپنے رسائل کے صفحات وقف کردیا ہے انہی میں ایک اہم نام جناب حافظ طاہر اسلام عسکری صاحب کی بھی ہیں جنہوں نے مغربی تہذیب اور فلسفہ کے افہام وتفہیم کے حوالے سے سہ ماہی نظریات کے خصوصی اشاعت ’’گوشہ بر تہذیب مغرب‘‘ کے نام سے منظر عام پر لا چکے ہیں، حافظ طاہر اسلام عسکری صاحب ایک جید عالم اور محقق ہیں، سہ ماہی نظریات کے مدیر کے حیثیت سے فرائض انجام دے رہے ہیں، زیر نظر شمارہ ’’گوشہ بر تہذیب مغرب‘‘ وقیع علمی مقالات سے معمور ہیں، جناب سید خالد جامعی، جناب محمد زاہد مغل اور جناب ظفر اقبال صاحبان نے مغربی تہذیب کے مختلف گوشوں پر نہایت عالمانہ اور محققانہ انداز اور شگفتہ اسلوب میں اہل فکر ونظر کو مغربی تہذیب سے واقفیت اور آگاہی کی دعوت فکر دی ہے، نظریات میں شامل تمام مضامین بصیرت افروز ہیں، عسکری صاحب قابل صد مبارکباد ہے کہ انہوں نے نظریات کی اس خصوصی اشاعت کو خوبصورت پرائے اور بہترین انداز میں شائع کر کے امت پر عظیم احسان کیا۔ امید ہے کہ اہل علم وتحقیق اسکی قدر آفزائی کرینگے، اللہ اسے شرف قبولیت سے نوازے اور اسکے مدیر کو مزید علمی خدمات کی توفیق عطاء فرمائے۔ ۹۶ صفحات پر مشتمل نظریات کی یہ خصوصی اشاعت ادارہ بحث وتحقیق، گلی نمبر۱، سلمان پارک، بینک سٹاپ فیروز پور روڈ لاہور سے دستیاب ہے۔ قیمت فی شمارہ ۹۰ روپے۔ (مبصر: محمد اسلام حقانی)

● **تعلیم امن اور اسلام .... مجلس تحقیقات اسلامی**

اسلام امن وآشتی کا مذہب ہے۔ ظلم، جبر، زیادتی اس کے مزاج کے مطابق حرام ہے۔ اسلام نے امن وسلامتی کے پیغام کو عام کرنے کے لئے ’’السلام علیکم‘‘ سے ابتداء کی۔ جس کی نظیر دیگر مذاہب عالم میں ناپید ہے۔ زیر تبصرہ کتاب تعلیم امن اور اسلام اپنی نوعیت کی منفرد کتاب ہے جس میں امن کے حوالے